# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، فیصل آباد

مراسلہ نمبر 02-GR-2020 مورخہ 25-06-2020

## سرکلر

جملہ پرنسپل، ہیڈ ماسٹر، ہیڈ مسٹریس
گورنمنٹ و الحاق شدہ ہائی / ہائیر سیکنڈری سکولز، فیصل آباد ڈویژن، فیصل آباد۔

**عنوان: تعلیمی سیشن 22-2020 کے لیے جماعت نہم میں ریگولر داخلہ / آن لائن رجسٹریشن کا شیڈول۔**

السلام علیکم ورحمتہ اللہ برکاتہ!

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جماعت نہم میں داخلہ کے لیے PBCC اجلاس منعقدہ مورخہ 09-05-2020 کی روشنی میں سرکلر ہذا جاری کیا جاتا ہے۔ لہٰذا بورڈ سے الحاق شدہ تعلیمی ادارہ جات رجسٹریشن کا عمل 31-08-2020 تک مکمل کر کے مصدقہ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور جمع شدہ فیس کا آن لائن اصل بینک چالان مقررہ شیڈول کے مطابق مورخہ 31-08-2020 تک بورڈ کی رجسٹریشن برانچ میں دستی وصول کروائیں۔ گورنمنٹ ادارہ جات کے طلبا بغیر لیٹ فیس کے شیڈول میں رجسٹریشن فیس کی ادائیگی سے مستثنیٰ ہیں تاہم پروسیسنگ فیس جمع کروانا ہوگی۔ نیز لیٹ فیس کے شیڈول میں رجسٹریشن فیس بمعہ پروسیسنگ فیس اور لیٹ فیس جمع کروانا ہوگی۔

**(واضح رہے کہ رجسٹریشن کے لیے یکم اگست 2020 کو عمر 12 سال ہونا لازمی ہے)**

| نمبر شمار | شیڈول | اداروں میں داخلہ، آن لائن رجسٹریشن کی ڈیٹا انٹری کرنے، بینک میں فیس جمع کروا کے کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان اور مصدقہ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن، فارورڈنگ لیٹر، ریونیو لسٹ کی ہارڈ کاپی بورڈ میں جمع کروانے کی تاریخ (دفتری اوقات کار کے دوران) ادارہ کا بورڈ سے الحاق شدہ لیٹر لازمی منسلک کریں۔ |
|---|---|---|
| 1 | داخلہ جماعت نہم بغیر لیٹ فیس | 01-07-2020 تا 31-08-2020 |
| 2 | -/500 روپے لیٹ فیس فی طالب علم کے ساتھ داخلہ | 01-09-2020 تا 15-09-2020 |
| 3 | رجسٹریشن فیس | 1000 روپے فی طالب علم (نا قابل واپسی) |
| 4 | پراسیسنگ فیس | 395 روپے فی طالب علم (نا قابل واپسی) |
| 5 | مڈل کا نتیجہ دیر سے نکلنے کی صورت میں (بشرطیکہ تاخیر کا ذمے دار امیدوار نہ ہو) | تاریخ اشاعت مڈل رزلٹ سے 15 یوم کے اندر |

## ھدایات

-1 تمام ادارے گورنمنٹ کی جاری کردہ ہدایات / ایس او پیز (SOPs) برائے کورونا وائرس پر عمل کرتے ہوئے رجسٹریشن یقینی بنائیں۔

-2 کوئی الحاق شدہ گورنمنٹ اور پرائیویٹ ادارہ اپنے ادارہ کے طلبہ کے علاوہ پرائیویٹ یا کسی دوسرے غیر الحاق شدہ ادارہ اکیڈمی / ٹیوشن سنٹر کے طلبہ کی رجسٹریشن کرنے کا مجاز نہ ہے۔ عدم تعمیل کی صورت میں متعلقہ ادارہ کا بورڈ سے الحاق ختم کر دیا جائے گا اور طلبہ کی رجسٹریشن بھی منسوخ کر دی جائے گی۔

-3 رجسٹریشن آن لائن کرنے کے لیے والد / والدہ / سرپرست کا شناختی کارڈ نمبر اور طالب علم کا شناختی کارڈ / ''ب'' فارم نمبر ضروری ہے۔ رجسٹریشن کے لیے بورڈ کی ویب سائٹ www.bisefsd.edu.pk مقررہ شیڈول تک Active رہے گی۔

-4 آن لائن رجسٹریشن کی کٹ لسٹ کی مصدقہ ہارڈ کاپی، فارورڈنگ لیٹر، ریونیو لسٹ بمعہ اصل بینک چالان شیڈول کے مطابق بورڈ میں جمع نہ ہونے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد یومیہ -/500 روپے لیٹ فیس ادا کرنا ہوگی۔ یہ لیٹ فیس نا قابل معافی ہے۔

-5 آن لائن رجسٹریشن فارم میں طلبہ کے نام، ولدیت کے Spelling، تاریخ پیدائش، مضامین مکمل اور درست لکھے جائیں اور طلبہ کو ملاحظہ کروانے اور پروف ریڈنگ کے بعد بیچ بنائے جائیں۔ نیز ادارہ کی طرف سے ایک دفعہ بیچ بنانے کے بعد کسی بھی صورت میں بیچ Re-Open/Delete نہ کیا جائے گا۔

-6 تمام طلبہ کی رجسٹریشن بیچ وائز آن لائن چالان فارم کے تحت جمع کروائی جائے۔

-7 فریش سیشن 22-2020 میں رجسٹریشن کرتے ہوئے جو کوئی ادارہ پہلے سے رجسٹرڈ (فیصل آباد بورڈ یا کسی دوسرے بورڈ، یونیورسٹی میں) اور موجودہ سیشن میں کسی دوسرے ادارے میں رجسٹرڈ امیدوار کی ہرگز نئی رجسٹریشن عمل میں نہ لائے بصورت دیگر ادارہ کا الحاق اور امیدوار کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی۔ نیز UMC بناتے ہوئے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

-8 ری ایڈمیشن طلبہ کے لیے ہر ادارہ کے اکاؤنٹ میں الگ سے آپشن موجود ہے جو کہ نہم امتحان 2020 کے نتیجہ کی اشاعت کے بعد مقررہ شیڈول میں active ہوگی۔ واضح رہے کہ پہلے سے رجسٹرڈ امیدوار کی دوبارہ (ری ایڈمیشن کے علاوہ) رجسٹریشن ظاہر ہونے پر اور ڈبل رجسٹریشن کی صورت میں UMC بنایا جائے گا۔ ایسے طلبہ جو پہلے سے ہی بورڈ کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں۔ ان کو بطور فریش طالب علم رجسٹرڈ نہ کیا جائے، بلکہ نہم امتحان کے نتیجے کی اشاعت کے بعد مقررہ شیڈول میں ری ایڈمٹ کیا جائے۔ نیز امتحان دہم میں شمولیت کے بعد کسی بھی صورت طالب علم نہم جماعت میں رجسٹریشن کے لیے اہل نہ ہے۔ جس کی تمام تر ذمے داری امیدوار اور ادارہ پر ہوگی۔

-9 آن لائن رجسٹریشن فارم مکمل کرتے وقت ہر ممکن احتیاط برتیں۔ تاہم درستی داخلہ کے شیڈول جاری ہونے سے قبل مروجہ طے شدہ فیس مصدقہ آن لائن درستی فارم بمعہ بینک چالان ہو سکے گی۔ اس سلسلے میں طلبہ کے کوائف / مضمون اور تصویر درستی کے لیے -/600 روپے فی درستی فیس جمع کروانا ہوگی نیز مضامین کا گروپ تبدیلی کے لیے -/1200 روپے فیس جمع کروانا ہوگی۔ کسی بھی قسم کی درستی کے لیے بورڈ کی ویب سائٹ پر ہی لنک دے دیا گیا ہے۔ اپنے اکاؤنٹ سے درستی کرنے کے بعد مجوزہ فیس کا اصل بینک چالان بمعہ مصدقہ درستی فارم کی ہارڈ کاپی بورڈ میں فراہم کرنے پر ہی درستی ممکن ہوگی۔ تاہم تاریخ پیدائش درستی شیڈول داخلہ جماعت نہم جاری ہونے کے بعد جنرل برانچ اور تصویر، مضمون، گروپ کی درستی امتحانی برانچ کرے گی۔

10- N.O.C کی بنیاد پر داخلہ۔ ایسے طلبہ جو دوسرے بورڈوں میں جماعت نہم اور دہم میں زیر تعلیم ہوں متعلقہ بورڈ سے مائیگریشن کی بنیاد پر NOC جاری ہونے کی تاریخ سے 45 یوم کے اندر داخلہ لے سکتے ہیں۔ ایسے طلبہ کی رجسٹریشن ریٹرن داخلہ سے 10 یوم کے اندر اصل NOC سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ، جماعت نہم کا رزلٹ کارڈ اور مصدقہ رجسٹریشن فارم اور فیس مبلغ-/1395 روپے کا اصل آن لائن بینک چالان بورڈ میں جمع کروانا ہوگا۔ تاخیر کی صورت میں ادارہ کو-/500 روپے یومیہ کے حساب سے لیٹ فیس جمع کروانا ہوگی جو کہ نا قابل معافی ہے۔ مینویل رجسٹریشن فارم بورڈ کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

11- بیرونی ملک سے کسی گورنمنٹ یا منظور شدہ پرائیویٹ ادارہ سے سرٹیفکیٹ لے کر آنے والے طلبہ اپنے کوائف پاکستانی سفارتخانہ / منسٹری آف ایجوکیشن سے تصدیق کے بعد NOC جاری ہونے کی تاریخ سے 30 یوم تک داخلہ لے سکتے ہیں۔ ترسیل ریٹرن کی دیگر شرائط و لیٹ فیس درج بالا شق نمبر 10 کے مطابق ہوں گی۔

12- ویب سائٹ یا آن لائن میں کسی بھی قسم کی پریشانی کی صورت میں کمپیوٹر برانچ سے فون نمبر 041-2517717 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ جبکہ رجسٹریشن سے متعلقہ جنرل معلومات کے لیے فون نمبر 041-2517635 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

13- ادارہ جات رجسٹریشن کرتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ میل کے کوڈ میں میل اور فی میل کے کوڈ میں فی میل کی رجسٹریشن ہی کریں بصورت دیگر ادارہ ذمے دار ہوگا۔

14- بورڈ کی طرف سے مہیا / جاری کردہ User اور Password کے استعمال کا ادارہ کا سربراہ ذمے دار ہے۔

15- ادارہ رجسٹریشن کے دوران Speciality کا آپشن استعمال کرتا ہے تو بطور ثبوت سرٹیفکیٹ مہیا کرنا ہوگا۔ بورڈ ملازم کے لیے بورڈ کا سرٹیفکیٹ اور گونگے، بہرے اور معذور طلبا کے لیے محکمہ سوشل ویلفیئر کی مصدقہ سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی ریٹرن کے ساتھ لف کرنا ضروری ہوگا۔ بصورت دیگر ریٹرن وصول نہ کی جائے گی اور جرمانہ / لیٹ ریٹرن کا ذمے دار ادارہ خود ہوگا۔

16- ادارہ رجسٹریشن کرتے ہوئے طلبا کے تمام کوائف درست درج کرے اور پتہ والد / والدہ کے شناختی کارڈ کے مطابق درج کرے۔

17- رجسٹریشن کرتے وقت کلاس رول نمبر، تاریخ داخلہ، مذہب کے خانہ میں درست کوائف درج کریں۔ دفتر ہذا ادارہ جات میں داخلہ حاصل کرنے والے طالب علم / طالبہ کا اصل رجسٹر داخل خارج ضرورت پڑنے پر ملاحظہ کے لیے کسی بھی وقت منگوایا جا سکتا ہے۔

18- رجسٹریشن کے شیڈول کے دوران نہم میں فریش رجسٹرڈ امیدوار کو مائیگریشن کی اجازت نہ ہوگی اس طرح ری ایڈمیشن کے متوقع شیڈول کے دوران ری ایڈمٹ امیدوار کو بھی مائیگریشن کی اجازت نہ ہوگی۔ تاہم شیڈول مکمل ہونے پر مائیگریشن / NOC حاصل کیا جا سکے گا۔ جس کے لیے NOC اور مائیگریشن کے فارم پر درج ہدایات پر عمل کریں۔

چودھری محمد افضل
(سیکرٹری)

**کاپی برائے اطلاع:**

1- چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ایجوکیشن) فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ۔
2- فیصل آباد کی حدود میں واقع تسلیم شدہ سکولوں / ہائیر سیکنڈری سکولوں کے سربراہان۔
3- جملہ سیکرٹری صاحبان بورڈز آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، پنجاب و میرپور آزاد کشمیر۔
4- ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ۔
5- پریس کلب، فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ۔
6- انچارج خبرنامہ، پی ٹی وی / ریڈیو پاکستان، فیصل آباد۔
7- برائے ویب سائٹ کمپیوٹر برانچ۔
8- دفتری تقسیم